Urdu - 10th Class Urdu Chapter 10 Preparation

Q1. نآم دیو مالی کے اوصاف میں سب سے نمایاں وصف کون کیا ہے

Ans 1: نام دیو مالی میں ب شمار اوصاف تھے وہ غریب تھا لیکن غریبوں کی مدد کرتا تھا سب سے خوش اخلاقی سے ملتان تھا وہ بھولا بھالا تھا اس کا سب سے بڑا وصف یہ تھا کہ وہ نیکی کرتا تھا جبکہ اسے پتہ نہیں تھا کہ وہ نیکی کررہا ہے

Q2. بحوالہ سبق نام دیو مالی باغ کے داروغہ کا نام کیا تھا اور وہ کیسے شخص تھے

Ans 1: باغ کے داروغہ کا نام عبدالرھیم خان فینسی تھا اور وہ بہت چست آدمی تھے ہر ایک سے کام لینا انھیں آتا تھا

Q3. نام دیومالی کے حوالے سے اچھا انسان کیسے بنا جاسکتا ہے

Ans 1: سبق نام دیو مالی کے حوالے سے اچھا انسان بننے قدرت نے انسان کو کوئی نہ کوئی خوبی ضرو دی ہے اس خوبی کو بلند اور اعلی درجہ تک پہنچانے کی کوشش میں ایک آدمی اچھا انسان بن سکتا ہے

Q4. بارش کی قلت کے سال نام دیوچمن کو کیسے سراب کرتا تھا

Ans 1: بارش کی قلت کے زمانہ میں وہ دور دور سے پانی بھر کرلاتا اور اپنے چمن کے پودوں کو سیراب کرتا تھا

Q5. مصنف کے خیال میں اچھا آسمی کیسے بنا جاسکتا ہے

Ans 1: مصنف کے خیال میں ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پنہچانا نیکی ہے درجہ کمال تک کوئی نہیں پہنچ سکا لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان اچھا انسان بنتا ہے

Q6. بارش کم ہونے کے باوجود نام دیو مالی کا چمن ہرا بھرا تھا کیوں

Ans 1: بارشم کم ہونے کو صورت میں نام دیو مالی پانی بھر بھر کے اپنے پودوں کو دیتا تھا اس کا باغ ہرا بھرا تھا

Q7. مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام ہیں متحرمہ خانم ڈسلوا، ڈاکٹر محمد شعیب اختر، محترم ڈاکٹر عطاءالرحمان، محترم جناب ڈاکٹر ظفر اقبال.

Q8. نام دیومالی کی موت کا سبب کیا تھا

Ans 1: مکھیوں کا بھپرا ہوا ایک چھتہ اس پر حملہ آور ہوا ان کے کاٹنے سے نام دیو مالی کی موت ہوگئی

Q9. نام دیو مالی کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے

Ans 1: نام دیو کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہم صفائی کا خاص خیال رکھیں ہمیں اپنے کام سے کام رکھانا چاہیے کسی سے دشمنی نہیں کرنی چاہیے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے ہمیں کسی بھی صلے یا انعام کی پروا کیے بغیر نیکی کرنی چاہیے

Q10. مولوی عبدالحق کے مطابق درجہ کمال تک کیسے پنہچا جاسکتا ہے

Ans 1: درجہ کمال تک تو کوئی نہیں پہنچ سکتا ہے مگر کندن بن سکتا ہے خلق اللہ کو فیض پہنچا کر
